# ترجمان اسلام آباد کیپیٹل پولیس

پبلک ریلیشن برانچ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی خصوصی اشاعت

Islamabad Police | سوموار 18 مارچ 2024 | Islamabadpolice.gov.pk


## ٹیکنالوجی

| | |
|---|---|
| کرایہ دار کا اندراج | 54001 |
| ملازمین کا اندراج | 49721 |
| گاڑیوں کی تصدیق | 20345 |
| گمشدگی رپورٹ | 23040 |
| جنرل ویریفکیشن | 93115 |

## کرائم

| | |
|---|---|
| کل مقدمات | 76 |
| گرفتار ملزمان | 32 |
| یکسو چالان | 73 |
| سٹاپ اینڈ سرچ | 2746 |
| اشتہاری مجرمان وعدالتی مفروران | 09 |

## ٹریفک

| | |
|---|---|
| جرمانے کے چالان | 2760 |
| سنگین خلاف ورزی | 2267 |
| مہلک حادثات | 14 |
| ڈرائیونگ لائسنس | 50 |
| لرننگ پرمٹ | 134 |

## پکار-15



| | |
|---|---|
| ایمرجنسی کال | 3658 |
| بوگس کال | 3032 |
| ایمرجنسی رسپانس | 313 |
| کم سے کم رسپانس ٹائم | 03 منٹ |
| زیادہ سے زیادہ رسپانس ٹائم | 05 منٹ |

## ڈی پی او انڈسٹریل ایریا نے تھانہ نون کے علاقہ سیکٹر آئی 16 مسجد صدیق اکبر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا



اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ڈی پی او انڈسٹریل ایریا نے تھانہ نون کے علاقہ سیکٹر آئی 16 مسجد صدیق اکبر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جس میں افسر مہتمم تھانہ نون سمیت علاقہ معززین نے بڑی تعداد میں شرکت کی، کھلی کچہری کے آغاز میں موجود شرکاء نے اپنے مسائل بیان کیے اور بہتری کے لئے تجاویزت پیش کیں، حل طلب مسائل پر ڈی پی انڈسٹریل ایریا زون نے موقع پر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کئے، شرکاء کی پیش کردہ تجاویز پر عمل درآمد کرنے کی یقینی دہانی کروائی، کھلی کچہری کے شرکاء سے ڈی پی او انڈسٹریل ایریا زون نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آئی سی سی پی او کے احکامات کی روشنی میں عوامی شکایات، علاقائی مسائل کے فوری حل کے لئے کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جارہا ہے، آئی سی سی پی او کے واضح احکامات ہیں کہ تمام افسران اپنے اپنے حلقوں میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کریں تا کہ شہریوں کے ساتھ برائے راست رابطہ رکھا جا سکے ان کو درپیش مشکلات حل کرنے میں مدد ملے، انہوں نے مزید کہا کہ پولیس دن رات آپ کی حفاظت وخدمت میں کوشاں ہے جن مسائل کا آپ نے ذکر کیا ہے انکو ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائے گا، اسلام آباد پولیس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بہتر حکمت عملی کی وجہ سے علاقہ میں جرائم میں خاطر خواہ کمی واقع ہوئی ہے تاہم اس میں مزید بہتری کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں، جبکہ قبضہ مافیا، جرائم کا قلع قمع اور منشیات فروشی کے خاتمے کے لئے پولیس کو عوام کے تعاون کی ضرورت ہوتی ہے آپ کے بغیر یہ سب ناممکن ہے پولیس اور عوام مل کر ان جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جہاد کریں تب اس ناسور کو معاشرے سے ہمیشہ ہمیشہ کیلئے ختم کیا جا سکے گا، سائلین کے لئے میرے دفتر کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں آپ کی شکایات کے فوری ازالے کے لئے میں اور میری ٹیم ہمہ وقت تیار ہیں آپ کے تعاون سے قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور طریقے سے کریک ڈاؤن کیا جا سکتا ہے، آپ اپنے اردگرد اور گلی محلے میں نظر رکھیں کوئی بھی مشکوک سرگرمی دیکھیں تو فوری اپنے متعلقہ پولیس کو اطلاع دیں تا کہ ایسے عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے یاد رکھیں کسی بھی علاقہ میں شہریوں کے تعاون کے بغیر خاطر خواہ مثبت نتائج حاصل نہیں کئے جا سکتے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ پولیس شہریوں کی جان ومال کی حفاظت کرنے میں ہمہ وقت مصروف عمل ہے، کھلی کچہری کے انعقاد کرنے کا مقصد شہریوں اور پولیس کے درمیان روابط کو بڑھاتے ہوئے دوریاں کو ختم کرنا ہے، معززین علاقہ نے کھلی کچہریوں کے انعقاد پر آئی سی سی پی او کو خراج تحسین پیش کیا اور ڈی پی او انڈسٹریل ایریا زون کا شکریہ ادا کیا۔

## ایس پی جوڈیشل پروٹیکشن یونٹ نے سپریم کورٹ میں اسکواڈ ڈیوٹی سرانجام دینے والے پولیس اہلکاروں کی کارکردگی کا جائزہ لیا





اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اہم سکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران وجوانوں کو فرائض منصبی کی بہتر انجام دہی کے حوالے سے خصوصی بریفنگ کے انعقاد کا سلسلے کا جاری ہے، اس سلسلے میں ایس پی جوڈیشل پروٹیکشن یونٹ نے سپریم کورٹ میں ڈیوٹی پر مامور افسران وجوانوں کو فرائض منصبی کی نوعیت اور موجودہ حالات کے پیش نظر الرٹ رہنے سے متعلق آگاہ کیا اور امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے اور کسی بھی ناخوشگوار واقع سے بروقت نمٹنے کیلئے ہمہ وقت تیار رہنے اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کو بہتر طریقے سے ادا کرنے کی ہدایت کی، اسکواڈ ڈیوٹی سرانجام دینے والے افسران وجوانوں کو دوران آمد و رفت الرٹ رہنے اور مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھنے کی ہدایت کی، انہوں نے افسران و جوانوں کو صاف ستھری یونیفارم زیب تن کرنے اور محکمانہ نظم وضبط پر سختی سے عمل درآمد کرنے سے متعلق احکامات جاری کیے، اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنے کے لئے تمام تر ذمہ داریاں نبھا رہی ہے، شہریوں کی جان ومال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

## اسلام آباد کیپیٹل پولیس ڈولفن کا وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری



اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس ڈولفن سکواڈ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں اول دستے کے طور پر کام کرتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کلیدی کردار ادا کر رہا ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈولفن سکواڈ نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور موثر اور خصوصی تلاشی کے دوران کل 02 ہزار 746 شکوک افراد، موٹر سائیکل سواروں اور گاڑیوں کی جانچ کی، جن میں 855 شکوک افراد اور 1,891 موٹر سائیکل شامل ہیں، جبکہ 20 مشکوک اشخاص اور اصل دستاویزات نہ ہونے پر 74 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات میں جانچ پڑتال کیلئے منتقل کیا گیا، اسلام آباد کے مختلف زونز میں دوران ڈیوٹی ڈولفن نے پٹرولنگ کے دوران کالے شیشے والی گاڑیوں کے خلاف بھی قانونی کارروائی عمل میں لائی، تمام زونل افسران کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف جاری قانونی کارروائیوں کو مزید تیز اور موثر بنایا جائے، شہریوں کے جان ومال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے، افسران جرائم پیشہ عناصر کیخلاف جامع حکمت عملی اپناتے ہوئے انکے سدباب کو یقینی بنائیں، اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

# اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا کالے شیشے اور فینسی نمبر پلیٹ والی گاڑیوں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری

**گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 1,923 گاڑیوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لائیں گئی، وفاقی دارالحکومت میں کالے شیشوں اور فینسی نمبر پلیٹ کے استعمال پر مکمل پابندی عائد ہے، پولیس افسران کو بھی گاڑیوں پر کالے شیشے استعمال نہ کرنے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں**





اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کی خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں کالے شیشوں اور فینسی نمبر پلیٹ والی گاڑیوں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے خصوصی اقدامات کرتے ہوئے وفاقی دارالحکومت کی اہم اور مصروف ترین شاہراؤں اور چوراہوں پر خصوصی دستے تعینات کئے ہیں جو ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہیں، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے کالے شیشوں اور فینسی نمبر پلیٹوں کے استعمال پر 1,923 گاڑیوں کے خلاف قانونی کارروائیاں عمل میں لائیں، وفاقی دارالحکومت میں کالے شیشوں اور فینسی نمبر پلیٹ کے استعمال پر مکمل پابندی عائد ہے، سینئر پولیس افسران نے پولیس افسران و جوانوں کو بھی گاڑیوں پر کالے شیشے استعمال نہ کرنے کی ہدایات جاری کی ہیں، شہریوں سے اپیل ہے کہ وہ اپنی گاڑیوں میں کالے شیشوں کا استعمال نہ کریں اور اپنی گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کو جلد از جلد رجسٹرڈ کروائیں اور صرف ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ کی جاری کردہ نمبر پلیٹوں کا استعمال کریں، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے افسران و جوانوں کو خصوصی ہدایات جاری کی گئیں ہیں کہ ان احکامات پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔

# تھانہ کوہسار پولیس ٹیم نے راہزنی کی وارداتوں میں مطلوب منظم باکسر گروہ کے چار ارکان کو گرفتار کرلیا




اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلہ میں تھانہ کوہسار پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم باکسر گروہ کے چار ارکان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ کی نوک پر چھینے گئے لاکھوں روپے مالیت کے قیمتی موبائل فون اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کی شناخت نبیل احمد، صوبت اعظم، شاہزیب اور نعمان کے نام سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے تھانہ کوہسار کے علاقے میں متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ذمہ داری ہے، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار 15" یا "آئی سی ٹی 15" ایپ پر فوری اطلاع دیں۔

# اسلام آباد میں گھر گھر جا کر ملازمین و کرایہ داروں کی رجسٹریشن کے لئے "Knock the door" مہم کا سلسلہ جاری ہے



اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے اہم اقدام اٹھاتے ہوئے گھر گھر جا کر ملازمین و کرایہ داروں کی رجسٹریشن کیلئے "Knock the door" مہم کا سلسلہ جاری ہے، اس مہم کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی مختلف ٹیمیں گلی محلوں میں جا کر کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے کوائف کے اندراج کو یقینی بنا رہی ہیں، اس سلسلے میں انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ اسلام آباد نے تھانہ بنی گالا اور کھنہ کے علاقے میں 634 گھروں کے 238 گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج مکمل کیا، اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر نے کہا کہ اس مہم کا مقصد وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں امن و امان کی فضاء کو برقرار رکھنا ہے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقع سے بچا جا سکے، انہوں نے مزید کہا کہ کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے کوائف کے اندراج کے ذریعے نا صرف شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھی جاسکتی ہے بلکہ کسی بھی قسم کی مشکوک سرگرمی میں ملوث عناصر کو غیر قانونی سرگرمیوں سے روکا جا سکتا ہے، اندراج نہ کروانے کی صورت میں کوئی بھی شر پسند عناصر عام شہری کا روپ ڈھال کر چوری اور ڈکیتی جیسی سنگین وارداتوں میں ملوث ہو کر نقصان پہنچا سکتا ہے، اسلام آباد کیپیٹل پولیس اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے وفاقی دارالحکومت کے شہریوں کو ایک محفوظ ترین ماحول فراہم کرنے کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے۔

**اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران تین پیشہ ور بھکاریوں سمیت 11 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، ملزمان کیخلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے۔**







اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران تین پیشہ ور بھکاریوں سمیت 11 جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل میں لائی، تھانہ سنبل پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کر کے انکے قبضہ سے 1100 گرام چرس اور خنجر برآمد کرلیا، تھانہ کھنہ پولیس نے ملزم زین مسیح کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے تیس لیٹر شراب برآمد کرلی، تھانہ بھلگراں پولیس نے ملزم یاسر شاہ کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 610 گرام ہیروئن برآمد کرلی، جبکہ غیر قانونی گیس ریفلنگ کرنے پر ملزم عادل شہزاد کو گرفتار کرلیا، تھانہ بہارہ کہو پولیس نے دو ملزمان محمود اقبال اور محسن خان کو گرفتار کر کے ایک عدد تیس بور پستول اور ایک عدد خنجر برآمد کرلیا، تھانہ بنی گالہ پولیس ٹیم نے ملزم جواد کو گرفتار کر کے 350 گرام چرس برآمد کرلی، گرفتار ملزمان کے خلاف مختلف تھانہ جات مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی، جبکہ پیشہ ور بھکاریوں کی گرفتاری کے لیے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران تین پیشہ ور بھکاریوں کی گرفتاری عمل میں لائی گئی، اسلام آباد کیپیٹل پولیس منشیات و شراب فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لائے گی، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار 15" یا "آئی سی ٹی 15" ایپ پر فوری اطلاع دیں۔

Tarjuman
A publication of Public Relations Branch Islamabad Capital Police
The Capital Police Islamabad
Islamabad Police | MONDAY 18 MARCH 2024 | Islamabadpolice.gov.pk



## PUCAR -15

| | |
|---|---|
| Emergency Call | 3658 |
| Hoax Call | 3032 |
| Emergency Response | 313 |
| Minimum Response Time | 02 |
| Maximum Response Time | 05 |

## TRAFFIC

| | |
|---|---|
| Traffic Fine Ticket | 2760 |
| Major Violation | 2267 |
| Fatal Accident | 14 |
| Driving License | 50 |
| Learner Permit | 134 |

## CRIME

| | |
|---|---|
| Total Crime Registered | 76 |
| Accused Arrested | 32 |
| Challan Submitted in Court | 73 |
| Stop & Search | 2746 |
| P.O / C.O Arrested | 09 |

## TECHNOLOGY

| | |
|---|---|
| Tenant Registration | 54001 |
| Employee Registration | 49721 |
| Vehicle Verification | 20345 |
| Lost Reports | 23040 |
| General Verification | 93115 |

# Police determined to address public' issues on priority, says DPO Industrial Area Zone



Following the special directions of the Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr Akbar Nasir Khan, the DPO Industrial Area zone held an open kutchery at Masjid Siddique Akbar, sector I-16 Noon police station area. The open kutchery was attended by citizens and senior police officials, a public relations officer said. He said that, 'Open Kutchery' are being held across the city to ensure the early redressal of public complaints following the orders of ICCPO. At the outset of the proceedings, the participants shared their grievances and also gave suggestions to resolve them. The DPO Industrial Area issued orders on the spot to address the issues of the participants and assured them that their suggestions will be taken into account. Addressing the gathering, the DPO Industrial Area said the police were determined to resolve the issues faced by the residents. He said the open kutchery was helpful in maintaining direct relationships with the public. He said that, better strategy on part of the police led to reduction in crime in the city. The Islamabad Capital Police were taking steps to control crime further. He asked the gathering to cooperate with the police in controlling the crime in the city. Moreover, the Islamabad Capital Police also launched an effective crackdown against those involved in drug peddling, land grabbing and criminal activities in their respective areas. He urged the citizens to check the activities of the people in their surroundings and inform the police in case of observing the suspicious activities. He said that effective policing is only possible through cooperation of the public and trust between them would be ensured through resolving their problems at their door steps. Any complainant can approach him for redressal of the issues, he added the participants of the gathering thanked Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) over organizing the Open Katchehry.

# Security personnel briefed for effective duty.





Following the special directions of Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, a special briefing was held for the officers and officials deployed on important security duties regarding the better performance of their duties, a public relations officer said. He said that, in this regard SP Judicial Protection Unit (JPU) briefed the security officers and officials, those performing security and squad duties at Supreme Court, to maintain the law and order situation and prevent any untoward incident. Officers were briefed regarding high-alert duty in view of the current situation, the officers and officials on squad duty were informed about being alert during patrolling and keeping a watchful eye on suspicious persons, strict orders were issued regarding proper uniforms and discipline. He further issued orders to the officers and personnel to be ready all the time and perform their duties in an effective manner. Islamabad Capital Police is utilizing all available resources in order to maintain the law and order situation in the federal capital, and the protection of life and property of citizens is among the top priorities.

# Islamabad Capital Police Dolphin playing vital role in eradicating crime

The Islamabad capital police Dolphin is playing a vital role in crime prevention from the city, during the last 24 hours, the Dolphin checked a total of 2,746 suspicious persons, motorcycles and vehicles, a public relations officer said. He said that, following the special directions of the Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, the Islamabad Capital Police Dolphin Squad is working under a safe city Islamabad centralized system, which is deployed in different areas of the city for patrolling and crime prevention. During the last 24 hours, the Dolphin Squad Islamabad checked 855 pedestrians and 1,891 motorcycles during special and snap checking, out of which 20 suspicious individuals shifted to police stations, while 74 motorcycles were impounded at various police stations for verification purposes. Islamabad Capital Police Dolphin Squad also ensured the arrest of the numerous accused involved in different criminal activities. The Islamabad capital police are taking all out efforts to curb the crime from the city. "Safety and security of the citizens is our prime responsibility and no stone would be unturned to save the lives and property of the citizens".

# Islamabad Capital Police intensify crackdown against tinted glasses and fancy number plate vehicles





Islamabad Capital Police is continuing its crackdown against vehicles with tinted glasses and fancy number plates. In this regard, special squads have been constituted to take action against such vehicles. Following the special directions of ICCPO Dr. Akbar Nasir Khan, the Islamabad Capital Police is taking legal action against vehicles with tinted glasses, fancy and non-sample number plates to ensure the implementation of traffic rules and to further strengthen the supremacy of the law. In this regard, Islamabad Capital Police took action against 1,923 vehicles with tinted glasses and fancy number plates during the last 24 hours. The use of tinted glasses and fancy number plates on vehicles is completely banned in Islamabad. Senior police officers have also issued instructions to police officers and officials not to use tinted glasses on vehicles. The Islamabad Capital Police has deployed special enforcement squads at various places in the federal capital by setting up special pickets, which are carrying out operations without discrimination. Citizens are also requested to cooperate with the police and display authorized number plates issued by the Excise and Taxation Office. In this regard, special instructions have been issued to the officials of the Islamabad Capital Police to ensure strict implementation of these orders.

# Four wanted members of snatcher gang held; mobile phones and weapons recovered




Islamabad Capital Police Kohsar police team arrested four wanted members of a notorious snatcher gang known as boxer gang involved in numerous criminal activities and recovered snatched mobile phones and weapons used in crime from their possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of Islamabad Capital City Police officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Kohsar police team used technical and human resources and succeeded in apprehending four wanted members of the snatcher gang involved in numerous criminal activities. The accused were identified as Nabeel Ahmed, Sobat Azam, Shahzaib and Noman. Police team also recovered snatched mobile phones and weapons used in crime from their possession. Cases were registered against the nabbed accused and further investigation is underway. Citizens are urged to cooperate with the police and report any suspicious individuals or activities through the emergency helpline "Pucar-15" or at "ICT-15" mobile application.

# Campaign for registration of house servants and tenants data in full swing

Following the special orders of Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, the Islamabad Capital Police "Knock the Door" campaign for the registration of employees and tenants is in full swing, a public relations officer said. He said that, during this campaign various teams of Islamabad Capital Police are going to the streets and door-to-door to ensure the registration of tenants and domestic workers as well as to inquire about the problems faced by the citizens. In this regard, the Counter Terrorism Department (CTD) Islamabad has registered a data of 238 house servants of 634 houses from Khanna and Bani Gala Police Station jurisdiction. The purpose of this campaign is to avoid any untoward incident by maintaining law and order in the federal capital adding that the registration of tenants and domestic workers could not only keep a close watch on miscreants but also prevent the elements involved in any kind of suspicious activity. He said citizens are also requested that they can ask for the identity of a person if someone dressed in civil clothes comes to their house in order to collect the data. Unregistered



employees and tenants could be involved in serious incidents like theft and robbery by impersonating as a common citizen and Islamabad Capital Police is trying to provide a safe environment to the citizens of the federal capital by using all its resources.

## 11 outlaws arrested; drugs and weapons recovered




Islamabad Capital Police apprehended 11 outlaws including three professional beggars from different areas of the city during the last 24 hours and recovered drugs and weapons from their possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Sumbal police team arrested two accused namely Ibrahim and Farooq Masih and recovered 1100 gram hashish and one dagger from their possession. The Khanna police team arrested an accused namely Zain Masih and recovered 30 liters liquor from his possession. Likewise, the Phulgran police team arrested an accused namely Yasir Shah and recovered 610 gram heroin from his possession, while police team also arrested an accused namely Aadil Shahzad involved in illegally gas refilling. Similarly, the Bhara Kahu police team arrested two accused namely Mohsin khan and Mehmood Iqbal and recovered one 30 bore pistol and one dagger from their possession. The Bani Gala police team arrested an accused namely Jawad and recovered 350 gram hashish from his possession. Cases have been registered against the nabbed accused and further investigation is underway. During the crackdown against professional beggars, police teams arrested three professional beggars and registered cases against them under the beggars act. Senior police officers directed the police officials to further intensify the crackdown against the criminal elements. "Safety and security of the citizens is our foremost priority and no laxity will be tolerated in this regard", he maintained.

# 20,322 vehicle verification completed by Police Khidmat Markaz

Police Khidmat Markaz of Islamabad Capital Police facilitating citizens with different services like issuance of character certificates, foreigners' registration, registration of tenants and domestic servants, a public relations officer said. He said that the Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan is taking all possible steps to provide maximum facilities to the citizens of Islamabad adding that several steps have been taken by the police in this regard. He further said that Police Khidmat Markaz has received 20,345 applications of vehicle verification so far. On which 20,322 vehicle verification have been completed after complete verification by concerned police stations or police records while the work on remaining applications were under process. For vehicle verification, applicants must bring his/her original CNIC, vehicle original documentation and owner CNIC. Printed pictures of vehicle engines and chassis numbers are also required. For citizen's facility, police mobile facilitation van service has also been working, while khidmat markaz in various areas including sectors F-6, G-10/4, H-11, Bani Gala, Swan Garden, Khanna and at different police stations were also facilitating the citizens. The Islamabad Capital City



Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan said that, well trained staff has been appointed there who are providing best services to Pakistani nationals and foreigners. Such steps would improve the trust of people in the police.

# Over 16,32,152 people's data entered through 'Hotel Eye' software

Following the special directives of Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, the Safe City Islamabad is playing an effective role in the prevention of crimes and effective security in the federal capital. The Islamabad Capital Police "Hotel Eye" software is fully operational and working effectively and the software has been provided to all police stations for identification of individuals and registering the data of people staying in hotels, Guest houses or shelters homes located in Islamabad. He said that, during the last 24 hours, a total of 2,845 citizens' data have been entered through Hotel Eye software. While a total data of 16,32,152 citizens has been entered during the ongoing year. Data of 126 suspects were also sent to the concerned police stations for legal proceedings. These data gathering is proving to be very useful in identifying the criminal elements involved in heinous & other Crimes. Islamabad Capital City Police Officer ICCPO Dr. Akbar Nasir Khan said that the action will be initiated against vehicles without number plates or unregistered. Safe city cameras will be utilized for the purpose of identification of such vehicles, he maintained. The Islamabad Capital Police is using modern technology and all available resources to maintain law and order in the city and also taking all possible steps to ensure the safety of the lives and property of the citizens, he added.

## Pucar-15 helpline received 3,032 irrelevant calls during the last 24 hours

Islamabad capital police emergency helpline "Pucar-15" received 3,658 phone calls during the last 24 hours and provided immediate assistance on various help seeking calls including police, fire brigade, ambulance and other services, a public relations officer said. He said that 3,658 calls were received at the emergency helpline "Pucar-15" out of which 3,032 calls were hoax and irrelevant to police which make up 82% of all calls. The Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan took notice of hoax calls on the police emergency helpline and directed the senior officers to take stern legal action against those involved in such activities. "If anyone tries to waste the time of the police by making fake calls or passing derogatory remarks to the personnel will be dealt with iron hands," he maintained. ICCPO Dr. Akbar Nasir Khan urged the masses to approach police only in emergency situations as some genuine cases needing police attention may be neglected because of the time consumed by hoax calls.

# Social Media Corner Islamabad Police







